3332- تصویر مٹانے کی کونسی صورت ہے جس سے حرام نہیں رہتی ؟

سوال

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں تصاویر مٹانے کا حکم دیا ہے ، تو کیا صرف آنکھیں یا چہرہ یا سر مٹانا کافی ہے ؟

پسندیدہ جواب

تصویر چہرہ ہے ، اس لیے چہرہ کو ختم
کرنا ضروری ہے تا کہ تصویر کی حقیقت ختم ہو جائے ، کیونکہ حدیث میں نبی کریم صلی
اللہ علیہ وسلم نے چہرے پر مارنے سے منع فرمایا ہے .

اسے بخاری نے روایت کیا ہے .

دوسری حدیث میں چہرے پر مارنے سے
مراد کی وضاحت یہ کی گئی ہے کہ : چہرے پر نہ مارا جائے تو پھر صورت سے مراد چہرہ ہوا
اس لیے چہرے کے نشانات ختم کرنا ضروری ہیں .